https://fbisesolvedpastpapers.com

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | 0 | 0 | 2 | 3 |

# اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Invigilator Sign. ____________

Candidate Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | لفظ 'تلمیح' کس زبان سے ماخوذ ہے؟ | یونانی | عربی | فارسی | اردو | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر<br>اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر<br>شعر میں موجود صنعت کی نشاندہی کیجیے۔ | صنعتِ حسن تعلیل | صنعتِ تفریق | صنعتِ تضمین | صنعتِ تکرار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | فعل کی کیفیت یا حالت میں کمی بیشی کرنے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟ | معاون فعل | متعدی فعل | اصل فعل | متعلق فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | "اتنا بڑا عالم اور اس قدر سنگ دل"، یہ مرکب جملے کی کون سی قسم ہے؟ | سببی جملہ | اسمی جملہ | وصفی جملہ | استدراکی جملہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | وقفہ سے مراد ______ ہے۔ | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ | مختصر ٹھہراؤ | مکمل ٹھہراؤ | کسی بات کی تفصیل بتانا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | درج شدہ میں سے کس رکن کا تعلق تشبیہ سے **نہیں** ہے؟ | غرضِ تشبیہ | مستعار منہٗ | مشبہ | مشبہ بہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | درج شدہ میں سے کس جملے میں امدادی فعل استعمال ہوا ہے؟ | اسے مت چاہو۔ | احمد چھٹی چاہتا ہے۔ | میں آرام چاہتا ہوں۔ | نماز کا وقت ہوا چاہتا ہے۔ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | ؎ وطن کی مرگ وزیست کا تمھیں پہ انحصار ہے، مصرع میں کون سی صنعت ہے؟ | صنعت حسن تعلیل | صنعتِ تضاد | صنعت تفریق | صنعت تجنیس محرف | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | وہ نہ صرف امیر ہے ______ سخی بھی ہے۔ درست حرف کا انتخاب کریں۔ | بلکہ | اگرچہ | جو | چونکہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | 'اوقاف'، 'وقف' کی جمع ہے اس کے معنی بتایئے۔ | تفریق | الگ کی ہوئی چیز | ایما | توضیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .11 | زمینوں، مکینوں، مہینوں کس قسم کے الفاظ ہیں؟ | مترادف | مسجع | مردف | مقفیٰ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .12 | قواعد کی رو سے درست جملے کا انتخاب کریں۔ | نئی لغت چھپ گئی۔ | نئی لغت چھپ گئے۔ | نئی لغت چھپ گئیں۔ | نئی لغت چھپ گیا۔ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .13 | جو اپنے حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنی دے اور اس میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق موجود ہو تو وہ علم بیان کی کون سی قسم ہو گی؟ | کنایہ | تشبیہ | مجاز مرسل | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .14 | عادل سعودی عرب پہنچ گیا۔ جملے میں موجود اصل فعل کی نشاندہی کریں۔ | گیا | سعودی عرب | عادل | پہنچ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .15 | کلام میں کسی چیز کا ذکر کرنا اور پھر اس کی مناسبت سے ایسی دوسری چیزیں لانا جو متضاد نہ ہوں اسے کیا کہیں گے؟ | تکرار | تجنیس محرف | حسن تعلیل | مراعاۃ النظیر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .16 | ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا<br>یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی<br>شعر میں موجود صنعت کی نشاندہی کریں۔ | تضمین | قلب | لف ونشر | حسن تعلیل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .17 | ایسی تحریر جس میں جملے چبھتے ہوئے محسوس ہوں مگر شگفتگی کا احساس برقرار رہے، اس کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | تحقیق | طنز و مزاح | تنقید | رپورتاژ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .18 | غزل میں مطلع کے بعد آنے والے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ | مطلع ثانی | حسن مطلع | مطلع ثالث | مطلع اول | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .19 | کنایہ کی کون سی قسم فوراً سمجھ نہیں آتی بلکہ سمجھنے کے لیے کچھ سوچ بچار مانگتی ہے؟ | کنایہ بعید | کنایہ تعریض | کنایہ قریب | کنایہ تلویح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .20 | میری آنکھ میں درد ہے۔ قواعد کی رو سے اس جملے کا تعلق کس قسم سے ہے؟ | وصفی | استدراکی | روزمرہ | محاورہ | ○ | ○ | ○ | ○ |

——2HA-I 24002 (B)——



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

6

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:

پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:　　(5 x 3 = 15)

تعلیم کا یہ دوسرا دور عجیب دلچسپیوں سے بھرا ہے۔ دیکھو دریائے سندھ کے کنارے تک اسلام حکومت کر رہا ہے۔ سیکڑوں قبیلے ریگستان عرب سے نکل کر دور دراز ملکوں میں آباد ہوتے جاتے ہیں۔ بہت سی قومیں، دلی ذوق سے اسلام کے حلقے میں داخل ہو رہی ہیں لیکن اب تک اس وسیع دنیا میں سلطنت کی طرف سے نہ کوئی سر رشتۂ تعلیم ہے نہ یونیورسٹیاں ہیں، نہ مدرسے ہیں۔ عرب کی نسلیں حکمران ہیں مگر حکومت ایسی بے تعلق اور اوپری ہے کہ ملک کے عام اخلاق، معاشرت، تمدن پر فاتح قوم کی تہذیب کا اثر چنداں نہیں پڑ سکتا۔ تمام علوم پر عربی زبان کی مہر لگی ہے۔ ان سب باتوں پر دیکھو کہ علوم وفنون کس تیزی اور وسعت سے بڑھتے جاتے ہیں۔ مرو، ہرات، نیشاپور، بخارا، فارس، بغداد، مصر، شام، اندلس کا ایک ایک شہر بلکہ ایک ایک گاؤں علمی صداؤں سے گونج اٹھا ہے۔ عام تعلیم کے لیے ہزاروں مکتب قائم ہیں جن میں سلطنت کا کچھ بھی حصہ نہیں ہے اور جو آج کل کے تحصیلی مدارس سے زیادہ مفید اور فیاض ہیں۔ اوسط اور اعلیٰ تعلیم کے لیے مسجدوں کے صحن، خانقاہوں کے حجرے، علما کے ذاتی مکانات ہیں لیکن ان سادہ اور بے تکلف عمارتوں میں جس وسعت اور فیاضی کے ساتھ علم کی تربیت ہو رہی ہے بڑے بڑے عالی شان قصر و ایوان میں بھی جو پانچویں صدی کے آغاز میں اس غرض سے تعمیر ہوئے، اس سے کچھ زیادہ نہ ہو سکی۔

سوالات:

(i) تعلیم کے دوسرے دور میں مذہب اسلام کے حوالے سے کیا پیش رفت ہوئی؟

(ii) مذکورہ دور میں تعلیم کی سرپرستی میں حکومت کا کوئی کردار نظر نہیں آتا۔ وجہ بتائیے۔

(iii) اس دور میں علوم وفنون کون سی زبان میں رائج تھے؟ اس کے علاوہ اس دور کے مشہور تعلیمی مراکز کے نام لکھیں۔

(iv) حکومت کی عدم دلچسپی کے باوجود تعلیمی تناسب میں اضافہ کی وجوہات تحریر کریں۔　**یا**　تعلیم کی تحصیل کے لیے کون سی جگہیں مخصوص تھیں؟

(v) اس عبارت کے تین اہم نکات تحریر کریں۔　**یا**　عبارت کی تلخیص کریں۔

ب۔ حصہ نظم:

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:　　(3 x 3 = 09)

اٹھاؤ تیغ بے اماں، وطن کے پاک نام پر　　لٹا دو عمر نوجواں، وطن کے پاک نام پر
نثار کر دو اپنی جاں، وطن کے پاک نام پر　　صدائیں دیتا ہے وطن، بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادران، صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

سوالات:

(i) اس نظمیہ جزو میں وطن کی سلامتی کے لیے شاعر نے نوجوان کو کیا ترغیب دی؟

(ii) نظمیہ جزو کا مرکزی خیال لکھیں۔

(iii) تیغ بے اماں سے شاعر کی کیا مراد ہے؟　**یا**　تیسرے شعر کا مفہوم لکھیں۔

(یا)

فاطمہ تو آبروئے امتِ مرحوم ہے　　ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے
یہ سعادت حور صحرائی تیری قسمت میں تھی　　غازیانِ دین کی سقائی تیری قسمت میں تھی
یہ جہاد اللہ کے راستے میں بے تیغ و سپر
ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر

سوالات:

(i) "آبروئے امتِ مرحوم" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) فاطمہ نے جہاد میں اپنا کیا کردار ادا کیا؟

(iii) نظمیہ جزو میں موجود مشتِ خاک، حورِ صحرائی اور بے تیغ و سپر کس قسم کے مرکبات ہیں؟　**یا**　نظمیہ جزو کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

(ج) حصہ غزل:

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا
گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

(ii) مجھے تو حسن نے مبہوت کر ڈالا
غلط شہرہ ہے میری پارسائی کا

(iii) اے یادِ یار تجھ سے کریں کیا شکایتیں
اے دردِ ہجر ہم بھی تو پتھر کے ہو گئے

سوالات:

(i) عشق میں جیت اور ہار کو ایک جیسا مقام کیوں دیا جاتا ہے؟

(ii) دوسرے شعر میں شاعر اپنی پارسائی کو غلط قرار دے رہے ہیں۔ کیوں؟ **یا** دردِ ہجر میں انسان کس قسم کی کیفیت میں مبتلا ہو جاتا ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

(د) حصہ قواعد:

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) درج شدہ جملوں میں سے امدادی فعل تلاش کر کے لکھیں۔

الف۔ اُس نے مجھے میری کتاب واپس کر دی۔ ب۔ اذان کا وقت ہوا چاہتا ہے۔ ج۔ وہ دو گھنٹے بعد یہاں سے چلا گیا۔

(ii) مطلع سے کیا مراد ہے؟ دو مثالیں تحریر کریں۔
**یا**
تابع جملے کی کتنی اقسام ہیں؟ دو اقسام کی امثال بھی درج کریں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۳: درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

اختر اور منظور کی دوستی بہت بڑھ گئی تھی۔ منظور کی ذات اس کی نظروں میں مسیحا کا رتبہ رکھتی تھی کہ اس نے اس کو دوبارہ زندگی عطا کی تھی اور اس کے دل و دماغ سے وہ تمام کالے بادل ہٹا دیئے تھے جن کے سائے میں وہ اتنی دیر تک گھٹی گھٹی زندگی بسر کر تا رہا تھا۔ اس کی قنوطیت، رجائیت میں تبدیل ہو گئی تھی، اسے زندہ رہنے سے دلچسپی ہو گئی تھی۔ وہ چاہتا تھا کہ بالکل ٹھیک ہو کر ہسپتال سے نکلے اور ایک صحت مند زندگی بسر کرنی شروع کر دے۔

**یا**

میں نے کہا: ''مولوی صاحب! یہ دنیا ہے آخرت نہیں ہے کہ جیسا بوؤ گے ویسا پھل ملے گا۔ یہاں اہلِ کمال ہمیشہ آشفتہ حال رہے ہیں۔ آپ کیوں خواہ مخواہ اپنا دل جلاتے ہیں۔ جو اللہ نے دیا ہے ''بہت ہے۔'' ''آگے ناتھ نہ پیچھے پگا''۔ مزے کیجیے بہت گئی ہے، تھوڑی رہی ہے، ہنسی خوشی یہ بھی گزار دیجیے۔ وہ بھلا میری باتوں کو کیا سننے والے تھے، ان کے تو دل میں زخم تھے۔ تمام عمر مصیبت اٹھائی تھی، نااہلوں کو آرام و آسائش میں دیکھ کر وہ زخم ہرے ہو جاتے تھے۔ زبان اپنی تھی، کسی کا دینا نہیں آتا تھا۔ بے نقط سنا کر دل ٹھنڈا کر لیتے تھے۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (06)

آقا کا غلاموں سے یہ ہے قرب کا ہنگام
دل ہوتے ہیں سرشار فنا ہوتے ہیں آلام
چھا جاتی ہے رحمت، تو برس پڑتے ہیں انعام
اس وقت کسی طرح مناسب نہیں آرام
رونے میں جولذت ہے تو آہوں میں مزا ہے
اے روح! خودی چھوڑ کہ نزدیک ''خدا'' ہے

**یا**

اے دوست دل میں گردِ کدورت نہ چاہیے
اچھے تو کیا، بروں سے بھی نفرت نہ چاہیے
کہتا ہے کون، پھول سے رغبت نہ چاہیے
کانٹے سے بھی مگر تجھے وحشت نہ چاہیے
کانٹے کی رگ میں بھی ہے لہو مرغزار کا
پالا ہوا ہے وہ بھی نسیمِ بہار کا

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

آکے پتھر تو مرے صحن میں دوچار گرے
جتنے اس پیڑ کے پھل تھے، پس دیوار گرے
مجھے گرنا ہے تو میں، اپنے ہی قدموں میں گروں
جس طرح سایۂ دیوار پہ دیوار گرے
تیرگی چھوڑ گئے دل میں، اجالے کے خطوط
یہ ستارے مرے گھر ٹوٹ کے، بے کار گرے

**یا**

شور برپا ہے خانۂ دل میں
کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا
جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی
تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا
ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

سوال نمبر ۶۔ محلے میں آلودگی اور گندگی کے پھیلاؤ کے حوالے سے یونین کونسل کے نام درخواست تحریر کریں۔ (یا) (08)
ایک پرانے موبائل کی آپ بیتی لکھیں۔

سوال نمبر ۷۔ کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ حب الوطنی کے تقاضے ب۔ آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں
ج۔ میرا پسندیدہ شاعر د۔ ہمارا جدید نظامِ امتحانات



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

7

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | 2 | 0 | 2 | 4 |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

*Do not use lead pencil.*

حصّہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیـڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Candidate Sign. ______________

Invigilator Sign. ______________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | 'انسانوں'، 'نادانوں'، 'دیوانوں' کون سے الفاظ ہیں؟ | ہم قافیہ الفاظ | متحمل العذین | سلینگ | ذو معنی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | مثنوی کی ہیت میں کیا بات الگ (منفرد) ہوتی ہے؟ | ترجیع بند | ہر شعر میں الگ قافیہ ردیف | مثلث | پانچ مصرعوں پر مشتمل بند | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | کسی شخص کا اپنی زندگی کے حالات خود مرتب کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | خاکہ | آپ بیتی | انشائیہ | روداد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | ؎ "وہ بتوں نے ڈالے ہیں وسوسے"، میں "بتوں" کیا ہے؟ | استعارہ | تشبیہ | مجاز مرسل | کنایہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | درج شدہ میں مرکبِ اضافی کی نشاندہی کیجیے۔ | دن اور رات | سرد موسم | گلاب کا پھول | پڑھ پڑھ کر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | واوین کی علامت کی نشاندہی کیجیے۔ | ، | ( ) | ؟ | " " | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | اُس نے کہا کہ میں بیمار ہوں۔اس جملے کا تعلق تابع جملوں کی کس قسم سے ہے؟ | تمیزی | اسمی | استدراکی | وصفی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | کون سی صنف مختصر اور زندگی کے ایک پہلو پر مشتمل ہوتی ہے؟ | افسانہ | ناول | ڈراما | داستان | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | اصل فعل کو اپنا مطلب واضح کرنے کے لیے کس فعل کی ضرورت ہوتی ہے؟ | فعل متعدی | فعل لازم | امدادی فعل | متعلق فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | سانیٹ کی صنف کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے؟ | چودہ مصرعے | بارہ مصرعے | سولہ مصرعے | دس مصرعے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .11 | ؎ 'جہاں میں اہلِ ایمان صورت خورشید جیتے ہیں'، مصرع میں حرفِ تشبیہ کیا ہے؟ | جہاں | خورشید | صورت | اہلِ ایمان | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .12 | آج بادل خوب برسا۔علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .13 | مریض مارے درد کے چلا اٹھا۔اس جملے میں 'اٹھا' کیا ہے؟ | امدادی فعل | لازم فعل | متعدی فعل | اصل فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .14 | 'ہر برس کے دن ہوں پچاس ہزار'، اس مصرع میں صنعت واضح کیجیے۔ | حسنِ تعلیل | تلمیح | سیاقۃ الاعداد | تضاد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .15 | مخاطب کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے حروف کیا کہلاتے ہیں؟ | استعجابیہ | استفہامیہ | استدراکی | ندائیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .16 | علم اور نیک چلنی دونوں انسان کا درجہ ________ | بڑھا دیتا ہے | بڑھا دیتے ہیں | بڑھا دیتی ہیں | بڑھا دیتی ہے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .17 | استعارہ میں مشبہ بہ کیا کہلاتا ہے؟ | مستعار منہٗ | وجہ جامع | طرفین استعارہ | مستعار لہٗ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .18 | جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | علامت واوین | علامت قوسین | علامت حاشیہ | علامت الخ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .19 | نہ ہمت، نہ قسمت، نہ دل ہے، نہ آنکھیں<br>نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا<br>اس شعر میں لف و نشر کی کون سی قسم موجود ہے؟ | لف و نشر غیر مرتب | لف و نشر مرتب | لف و نشر معکوس الترتیب | لف و نشر ترجیع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .20 | درست جملے کا انتخاب کیجیے۔ | یہ اولیاء کی سرزمین ہے | یہ اولیاء کے زمین ہے | یہ اولیاؤں کا سرزمین ہے | یہ اولیاؤں کی سرزمین ہے | ○ | ○ | ○ | ○ |

https://fbisesolvedpastpapers.com

8

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:

پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (5 x 3 = 15)

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ راجہ صاحب اور خواجہ صاحب کے لیے ان بیگموں کی لڑائی معمول بن چکی ہے اور جس طرح وہ چھان بورا خریدنے والے سے یہ کہنے کا حق نہیں رکھتے کہ یوں چنگھاڑ کر آواز نہ لگایا کرو، اسی طرح بیگمات کے جھگڑے میں مداخلت کو بھی بے کار سمجھتے ہیں۔ ایک بار محلے کے ایک بزرگ نے دونوں کو روک کر کہا تھا: "آپ بھلے لوگ ہیں اپنی بیگمات کو لڑائی جھگڑے سے روکیے، پورا محلہ بدنام ہو رہا ہے"۔ اس پر راجہ صاحب نے نہایت ادب سے کہا تھا: "یہ عورتوں کا معاملہ ہے۔ ہم آپ ان کے معاملے میں دخل دیں گے تو اچھے نہیں لگیں گے۔ آپ اگر اپنی بیگم صاحبہ کو ان کے پاس بھیج کر اُنھیں سمجھا سکیں تو سبحان اللہ! ورنہ یہ کوئی ایسی خاص بات نہیں۔ اکٹھے رکھے ہوئے دو برتن بھی ٹکرا کر بج اٹھتے ہیں تو یہ دونوں تو ماشاء اللہ جیتی جاگتی عورتیں ہیں"۔ اور خواجہ صاحب نے فوراً کہا تھا: "جیتی جاگتی اور بولتی چالتی عورتیں"۔ اس پر دونوں ہنس پڑے تھے اور محلے کے بزرگ بھی اپنی مسکراہٹ پھیلانے میں ناکام ہو کر بچے کی طرح شرما کر پلٹ گئے تھے۔ جب دونوں بیگمات جھگڑتی تھیں تو ان کی باتوں میں الزام تراشی بہت کم اور بد دعائیں بہت زیادہ ہوتی تھیں۔ شاید یہی وجہ تھی کہ محلے والوں کو جھگڑے کا زیادہ لطف نہیں آتا تھا۔

سوالات:

(i) راجہ صاحب اور خواجہ صاحب کیا بات کہنے کا حق نہیں رکھتے تھے؟

(ii) محلے کے بزرگ نے دونوں صاحبوں کو کیا صلاح دی؟

(iii) محلے کے بزرگ کو راجہ صاحب نے کیا عذر پیش کیا؟

(iv) راجہ صاحب نے عورتوں کے معاملات میں دخل دینے سے کیوں انکار کیا؟　**یا**　محلے والوں کو بیگمات کے جھگڑے کا لطف کیوں نہیں آتا تھا؟ وجہ بتائیے۔

(v) عبارت میں موجود کوئی سے تین رموز و اوقاف کی علامات کی نشاندہی کریں۔　**یا**　عبارت کی تلخیص کریں۔

ب۔ حصہ نظم:

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (3 x 3 = 09)

رشتۂ مکر و ریا توڑ بھی دیں، توڑ بھی دیں　　کاسۂ حرص و ہوا پھوڑ بھی دیں، پھوڑ بھی دیں
اپنی یہ طرفہ ادا چھوڑ بھی دیں، چھوڑ بھی دیں　　آؤ کچھ کام کریں، کام کریں، کام کریں
نوجوانانِ وطن! آؤ کوئی کام کریں

سوالات:

(i) پہلے شعر میں شاعر نے کیا پیغام دیا؟

(ii) دوسرے شعر کا مفہوم واضح کریں۔

(iii) نظمیہ جزو کا مرکزی خیال تحریر کریں۔　**یا**　نظمیہ جزو میں موجود صنعت کی نشاندہی کر کے واضح کریں۔

(یا)

بادلو! دھند کی مانند بکھرنا سیکھو　　یہ بھی کیا اوج ثریا پہ گرجتے رہنا
زخمی چیتے کی طرح خود پہ بگڑتے رہنا　　یا تو آنا ہی نہ دھرتی کی عبادت کے لیے
اور اگر آنا تو اک برق سی بن کر آنا
کسی نادار کے خرمن کو جلانے کے لیے

سوالات:

(i) بادلوں کو دھند کی مانند بکھرنے کی صلاح دینے کا مقصد واضح کریں۔

(ii) دھرتی کی عبادت سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) نظمیہ جزو کا مرکزی خیال تحریر کریں۔　**یا**　'مانند'، 'کی طرح' اور 'سی' کس طرح کے حروف ہیں اور انھیں علم بیان کی کون سی قسم میں استعمال کیا جاتا ہے؟

https://fbisesolvedpastpapers.com

(ج) حصہ غزل:

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i)
اب تو انسان کی عظمت بھی کوئی چیز نہیں
لوگ پتھر کو خدا مان لیا کرتے تھے

(ii)
ابھی بادبان کو تہہ رکھو ابھی مضطرب ہے رخِ ہوا
کسی راستے میں ہے منتظر وہ سکوں جو آ کے چلا گیا

(iii)
تیرا در چھوڑ کے میں اور کدھر جاؤں گا
گھر میں گھر جاؤں گا صحرا میں بکھر جاؤں گا

سوالات:

(i) پہلے شعر کے مطابق ماضی اور حال کے انسانوں کے درمیان کس قسم کا سماجی فرق آیا ہے؟

(ii) دوسرے شعر کے مفہوم کی وضاحت کریں۔ **یا** محبوب کا در چھوڑ دینے سے شاعر کو کن مشکلات کا سامنا ہو گا؟ (بحوالہ شعر iii)

(د) حصہ قواعد:

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) رابطہ کی مختصر وضاحت کریں اور دو امثال بھی تحریر کریں۔

(ii) چاہنا، سکنا اور اٹھنا مصادر کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کریں۔

**یا**

درج ذیل اشعار میں استعمال ہونے والی صنعتوں کی نشان دہی کریں۔

الف۔ آ کے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے
جتنے اس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے

ب۔ رشی کے فاقوں سے ٹوٹا نہ برہمن کا طلسم
عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد

ج۔ جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

## حصہ سوئم (کل نمبر 44)

**سوال نمبر۳:** درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

لوگ اور کرسی نشینی کے مشتاق تھے، دور سے دیکھا بے شمار لڑکوں کا غول، غل مچاتا چلا آتا ہے۔ بیچ میں ان کے ایک پیر مرد نورانی صورت، جس کی سفید داڑھی میں شگفتہ مزاجی نے کنگھی کی تھی اور خندہ جبینی نے ایک طرہ سر پر آویزاں کیا تھا، اس کے ایک ہاتھ میں گلدستہ، دوسرے میں ایک میوہ دار ٹہنی پھلوں پھولوں سے ہری بھری تھی۔ اگرچہ مختلف فرقوں کے لوگ تھے جو باہر استقبال کو کھڑے تھے مگر انھیں دیکھ کر سب نے قدم آگے بڑھائے۔ کیونکہ ایسا کون تھا جو شیخ سعدی اور ان کی "گلستان" اور "بوستان" کو نہ جانتا تھا۔

**یا**

لیکن ریل کا سفر محض اڑتے ہوئے مناظر سے حظ اٹھانے تک ہی محدود نہیں اس کا ایک دلچسپ پہلو ان اسٹیشنوں کی زندگی سے لطف اندوز ہونا بھی ہے جو حرکت اور تموج کے سمندر میں ننھے ننھے خاموش جزیروں کی طرح نظر آتے ہیں اور جن کے کناروں پر ریل گاڑی لحظہ بھر کے لیے رکتی ہے لیکن شاید میں نے ان جزیروں کو خاموش قرار دینے میں غلطی کی ہے۔ کیوں کہ اڑتے ہوئے مناظر کی خاموشی کے مقابلے میں یہاں زندگی کی گہما گہمی نسبتاً زیادہ ہوتی ہے بڑے اسٹیشنوں کی بات نہیں کرتا۔ جہاں ریڑھی والے آپ کی کھڑکی کے عین نیچے آ کر اپنے پھیپھڑوں کی پوری قوت کے ساتھ ہانک لگاتے ہیں تاکہ آپ پر اشیا خریدنے کے لیے دباؤ ڈال سکیں۔

**سوال نمبر۴۔** درج ذیل نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (06)

نکل کر جوئے نغمہ خلد رازِ ماہ و انجم سے
فضا کی وسعتوں میں ہے رواں آہستہ آہستہ
بہ سُوئے نوحہ آباد جہاں آہستہ آہستہ
نکل کر آ رہی ہے اک گلستانِ ترنم سے!

**یا**

او دیس سے آنے والے بتا!
او دیس سے آنے والے بتا کس حال میں ہے یارانِ وطن
آوارۂ غربت کو بھی سنا کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن
وہ باغِ وطن، فردوسِ وطن، وہ سروِ وطن، ریحانِ وطن

**سوال نمبر۵۔** درج ذیل غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

ظرف اتنا بھی کشادہ نہیں اپنا، لیکن
ہم نے، پیدا بھی ہوئی ہے تو شکایت نہیں کی
یہ بھی سچ ہے کہ ترے ہم بھی سوالی نہ ہوئے
اور، تو نے بھی کبھی کوئی عنایت نہیں کی
ہو رہا ہے جو، اسی طرح سے ہونا تھا یہاں
اس لیے ہم نے کسی بات پہ حیرت نہیں کی

**یا**

ہلتے ہیں زاویے تو لرزتا ہوں میں بھی ساتھ
آبِ رواں پہ عکسِ در و بام ہے کوئی
اتنے ہجوم میں کے ڈستا ہے دیکھیے
سبزے پہ سرسراتا ہوا نام ہے کوئی
تلوار ایسے اس کے بدن میں اتار دی
جیسے کہ آدمی نہیں وہ نیام ہے کوئی

**سوال نمبر۶۔** دیہات میں مرکز صحت کے قیام کے لیے ضلعی ناظم صحت کے نام درخواست تحریر کریں۔ (یا) (08)

ایک خستہ حال کتاب کی آپ بیتی لکھیں۔

**سوال نمبر۷۔** کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ پاکستان ایک ایٹمی قوت
ب۔ وجودِ زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
ج۔ جدید دور میں کھیلوں کی افادیت
د۔ پاکستان اور اقبال کا شاہین



FBISE SOLVED PAST PAPERS